## ایم کیوایم مظلوم ومحکوم عوام کو جاگیرداروں کے مظالم سے نجات دلائے گی، الطاف حسین

## 20، جنوری کو سکھر کا جلسہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ کی فتح کی نوید ثابت ہوگا

## ایم کیوایم، پاکستان میں بسنے والی تمام مذہبی اقلیتوں کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتی ہے

## سکھر میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔14، جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوم ومحکوم عوام کو جاگیرداروں اور وڈیروں کے مظالم سے نجات دلائے گی اور انشاءاللہ 20، جنوری کو سکھر کا جلسہ عام پورے پاکستان میں ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ کی فتح کی نوید ثابت ہوگا۔ یہ بات انہوں نے سکھر میں ایم کیوایم کے مختلف شعبوں کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے غریب ہاری اور کسان زندگی کے بنیادی حقوق سے محروم ہیں ، جاگیرداروں اور وڈیروں نے انہیں اپنا غلام بنا رکھا ہے اور اپنی نجی جیلوں میں مظلوم عوام کو وحشیانہ ظلم وبربریت کا نشانہ بناتے ہیں۔وڈیروں نے بچوں کے اسکولوں کو اپنی ذاتی اوطاق میں تبدیل کرکے غریب کسانوں کے بچوں سے تعلیم حاصل کرنے کا حق بھی چھین رکھا ہے۔انشاءاللہ ایم کیوایم سندھ سمیت ملک بھر کے مظلوم ومحکوم عوام کو ظالم جاگیرداروں اور وڈیروں کے مظالم سے نجات دلائے گی اور ان کے بنیادی حقوق دلوائے گی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی تعلیمات کے مطابق پاکستان میں بسنے والی تمام مذہبی اقلیتوں کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتی ہے اور ان کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اب مظلوم عوام میں ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ تیزی سے پھیل رہا ہے اور مظلوم عوام کے ساتھ ساتھ مختلف سیاسی جماعتوں کے بےلوث کارکنان بھی اس نتیجہ پر پہنچ رہے ہیں کہ ایم کیوایم ،مظلوم ہاریوں، کسانوں اور محنت کشوں کی اصل نمائندہ جماعت ہے، اس جماعت میں قربانیاں دینے اور محنت سے کام کرنے والے کارکنوں کی عزت کی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ اب یہ سیاسی کارکنان بھی ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں جس پر میں انکی شمولیت کا خیرمقدم کرتا ہوں اور انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ایم کیوایم انہیں کبھی مایوس نہیں کرے گی۔ جناب الطاف حسین نے طلبا وطالبات اور نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ حصول علم پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں، ایمانداری سے کام کریں، بزرگوں، اساتذہ، والدین اور خواتین کا احترام کریں اور نظم وضبط کی سختی سے پابندی کریں۔ جناب الطاف حسین نے سکھر اور اس کے ملحقہ علاقوں کے بزرگوں، ماؤں، بہنوں، طلبا وطالبات اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ 20، جنوری 2012ء کو سکھر میں ہونے والے ایم کیوایم کے جلسہ عام میں اپنے رشتہ داروں اور دوست احباب کے ہمراہ بھرپور شرکت کرکے اسے پاکستان کی تاریخ کا عظیم الشان جلسہ عام بنا کردکھائیں۔ جناب الطاف حسین نے جلسہ عام کی تیاریوں میں دن رات کام کرنے والے تحریکی ذمہ داروں اور کارکنوں بالخصوص شعبہ خواتین کی ارکان کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی پی او آفس پر خودکش حملے کی جناب الطاف حسین کی جانب سے اظہارِ مذمت

## خودکش حملے میں پولیس اہلکاروں سمیت متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔14، جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی پی او آفس پر خودکش حملے کی مذمت کی ہے اور حملے میں پولیس اہلکاروں سمیت متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں مسلح افواج، سیکورٹی فورسز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سمیت عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ایک دن ضرور ملک وقوم دہشت گردی کے اس عفریت سے نجات حاصل کرلے گی۔ انہوں نے کہا کہ بم دھماکوں اور دہشت گردی کے ذریعے بے گناہ انسانوں کا خون بہانے والے درندہ صفت ہیں اور انسانیت سے مکمل طور پر عاری ہیں جو کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔انہوں نے خودکش حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں سمیت متعدد افراد کی شہادت پر تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمی افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی پی او آفس پر خودکش حملے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ارفع کریم کے انتقال سے پاکستان ایک قیمتی سرمائے سے محروم ہوگیا ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔14 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے شہر فیصل آباد سے تعلق رکھنے والی دنیا کی کم عمر ترین آئی ٹی ماہر ارفع کریم رندھاوا کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ارفع کریم کے انتقال سے پاکستان ایک قیمتی سرمائے سے محروم ہوگیا ہے اور ارفع کریم کے انتقال سے پوری پاکستانی قوم صدمے کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی کے شعبے میں ارفع کریم کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

## رکن سندھ اسمبلی سید محسن شاہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رکن سندھ اسمبلی سید محسن شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

## جوگی برادری اور گاؤں علی حسین بلیدی کی بلیدی برادری کے ہزاروں افراد نے ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کرلی
## ایم کیو ایم کی جدوجہد کا مقصد ملک سے جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور ملک میں غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنا ہے
## نثار پنہور، منوہر لعل اور دیگر کا کارنر میٹنگز سے خطاب

شکارپور۔۔۔14 جنوری 2012ء

ہادی بخش جوگی کی سربراہی میں جوگی برادری اور گاؤں علی حسین بلیدی کی بلیدی برادری کے ہزاروں افراد نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت، فکر وفلسفے پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے اور ایم کیو ایم کی پالیسیوں، عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔ ایم کیو ایم میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان انہوں نے گزشتہ روز گاؤں ہادی بخش جوگی اور علی حسین بلیدی گاؤں میں منعقدہ کارنر میٹنگز کے دوران کیا۔ کارنر میٹنگز کا اہتمام شکارپور زون کی جانب سے کیا گیا تھا جس میں اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار احمد پنہور، شکارپور زونل کمیٹی کے اراکین انور علی پلیجو، عبدالنبی ٹانوری کے علاوہ دیگر ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔ کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے نثار احمد پنہور نے کہا کہ ایم کیو ایم کا پیغام ملک کے گوشے گوشے میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور لوگ جوق در جوق ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں، ایم کیو ایم کی جدوجہد کا مقصد ملک سے جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور ملک میں غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ومنظم ہو چکے ہیں اور 20 جنوری کو سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونیوالا جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' ثابت کردے گا کہ سندھ کے عوام الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے ساتھ ہیں اور جاگیردارانہ نظام سے نجات چاہتے ہیں۔ انہوں نے ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کرنے پر جوگی اور بلیدی برادری کے افراد کا خیر مقدم کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی۔ دریں اثناء شکارپور زون کی جانب سے شکارپور سٹی یونٹ C میں کارنر میٹنگ منعقد کی گئی۔ کارنر میٹنگ میں شکارپور زونل کمیٹی کے انچارج آغا محسن خان، جوائنٹ انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی منوہر لعل، رکن عبدالغفار سٹھیار، عبدالوحید اور متحدہ سوشل فورم شکارپور کے رکن آغا شیر خان کے علاوہ دیگر ذمہ داران وکارکنان نے بھی شرکت کی۔ کارنر میٹنگ میں علاقے کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور 20 جنوری کے جلسہ میں اپنی شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر دیگر شرکاء نے ایم کیو ایم میں اپنی شمولیت کا اعلان بھی کیا۔

## ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی عوامی طاقت سے ملک میں مثبت تبدیلی لائے گی، اشفاق منگی

## 20 جنوری کوایم کیوایم کے تحت سکھر میں ہونے والے ''خوشحال سندھ، مضبوط پاکستان'' جلسہ عام کے سلسلے میں یوسی 8A انصاری محلّہ اور یوسی 3 میں منعقدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب

سکھر:۔۔۔14،جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی عوامی طاقت سے ملک میں مثبت تبدیلی لائے گی اور 20 جنوری کوسکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونے والے ''خوشحال سندھ، مضبوط پاکستان'' جلسہ عام کی کامیابی کے بعد کوئی بھی سازشی عناصر سندھ کے مستقل باشندوں کے اتحاد میں دراڑ نہیں ڈال سکتا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم کے تحت سکھر میں ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں یوسی 8A انصاری محلّہ اور یوسی 3 میں منعقدہ بڑی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگوں میں نوجوانوں، بزرگوں کے علاوہ انصاری اور صدیقی برادری کے صدور اور معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم سکھر زون کے زونل انچارج قطب الدین، اراکین ذاکر بندھانی، طاہر بندھانی، آصف انصاری کے علاوہ متحدہ سوشل فورم کے رکن منور چوہان بھی موجود تھے۔اشفاق منگی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ملک میں انقلاب کی بنیاد قائد تحریک جناب الطاف حسین بہت پہلے رکھ چکے ہیں اور اب جونام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں انقلاب کے نعرے بلند کررہی ہیں وہ دراصل ایک مرتبہ پھر عوام کو بیوقوف بنانے پر تلی بیٹھی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے افراد کو اسمبلیوں میں بھیج کر غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کا جوراستہ اختیار کیا ہے اب اس راستے پر ملک بھر کی مظلوم قومیتیں متحد ومنظم ہوچکی ہیں اور اندر سے بھی پڑھے لکھے اور باشعور افراد پر مشتمل قیادتیں نکال رہی ہیں اور اب فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کا وقت قریب آچکا ہے اور غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا سورج طلوع ہونے والا ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کے زیراہتمام 20 جنوری کوسکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونے والے ''خوشحال سندھ، مضبوط پاکستان'' جلسہ عام کے سلسلے میں بھرپور عوامی رابطہ مہم جاری ہے اور اس سلسلے میں اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتر کے تحت جگہ جگہ کارنر میٹنگوں کا انعقاد کیا جارہا ہے اور شرکاء کو جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی جارہی ہے۔جلسہ عام کے سلسلے میں عوام وکارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے۔تفصیلات کے مطابق جلسہ عام کے سلسلے میں گزشتہ روز سکھر میں یوسی 17 آرائیں، یوسی B-5، یوسی 2A، یوسی 5B محلّہ گرم گودی اور یوسی 1A کارنر میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا جبکہ جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون کے تحت شہدادکوٹ میں کارنر میٹنگ ہوئی۔کارنر میٹنگوں سے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان آفتاب سومرو، عاشق حسین اسدی، ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج احد، اراکین گرداری لال، عارف بھٹی، ایم کیوایم سکھر زونل کمیٹی کے اراکین رحمت علی الطافی شہزادہ گلفام، نعیم قریشی، طاہر بندھانی، دیوان چند چاولہ، ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زونل کمیٹی کے اراکین آصف علی سومرو، اقبال جاگیرانی نے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سندھ کے مستقل باشندوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی ہرسازش کو ناکام بنایا ہے اور آج بھی جوعناصر ان سازشوں میں مصروف ہیں ان کے یہ مذموم عزائم سکھر میں ہونے والے جلسہ عام کی کامیابی کے بعد ناکام ہوجائیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں جمہوریت کی مضبوطی چاہتی اور تمام مظلوم قومیتوں کے حقوق کا حصول چاہتی ہے اور اسی حق پرستانہ جدوجہد کی پاداش میں ایم کیوایم کو ماضی میں ظلم وستم کا نشانہ بنایا گیا لیکن آج ایم کیوایم اس مقام پر کھڑی ہے جہاں سے انقلاب کی کرنیں ملک بھر کی مظلوم قومیتوں تک پہنچ رہی ہیں۔مقررین نے کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 20 جنوری کوسکھر میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اسے فقیدالمثال کامیابی سے ہمکنار کرائیں۔

## رکن سندھ اسمبلی سید محسن شاہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے رکن سندھ اسمبلی سید محسن شاہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ نصیب کرے۔(آمین)

## جیکب آباد کی مختلف برادریوں کی جانب سے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

## 20 جنوری کا جلسہ جاگیرداروں اور فیصد دو فیصد مرعات یافتہ طبقہ کی نیندیں حرام کردے گا، خالد حسین بگھیو

## جناب الطاف حسین جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا کر ملک میں انقلابی تبدیلی لائینگے، مختلف برادری

جیکب آباد:۔۔۔14 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ جیکب آباد زون کی جانب سے 20 جنوری کو سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونے والے جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے حوالے سے گاؤں حوالدار بروہی میں ایک بڑا اجتماع منعقد کیا گیا۔ اجتماع میں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن خالد حسین بگھیو اور جیکب آباد زون کے انچارج محمد انور سیال نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 20 جنوری کا جلسہ جاگیرداروں اور دو فیصد مرعات یافتہ طبقہ کی نیندیں حرام کردے گا، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے غریب اور متوسط طبقے کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو اسمبلیوں میں بھیجا ہے، وہ دن دور نہیں جب پورے پاکستان میں 98 فیصد غریب پڑھے لکھے نوجوانوں کی حکومت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کسی جاگیردار اور وڈیرنہ نظام کیخلاف ہے اور ملک کے غریب متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے، قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنھوں نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقے کیلئے جاگیرداروں اور وڈیروں سے جنگ لڑی ہے اور ہم پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم جناب الطاف حسین کے نظریئے اور فکر وفلسفے کو گھر گھر، گاؤں، گلیوں تک پہنچائیں۔ بعدازاں گاؤں حوالدار بروہی کی بروہی برادری، اوٹھا برادری، لاشاری برادری، سومر برادری، سولنگی برادریوں سے تعلق رکھنے والی مختلف قومیتو ں کے افراد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے نظریہ اور حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا اور 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والے جلسہ عام میں اپنی بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو غریب ومظلوم کو جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا کر ملک میں انقلابی تبدیلی لائینگے۔ اس موقع پر ایم کیوایم اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن خالد حسین بگھیو نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم جیکب آباد زون کے انچارج محمد انور سیال وارا کین زونل کمیٹی نے جیکب آباد کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ کیا اور مختلف تاجر ایسوسی ایشن کے عہدیداررں اور دکانداروں سے ملاقاتیں کرکے انہیں سکھر کے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر تاجر ایسوسی ایشن کے عہدیداروں اور دکانداروں نے ایم کیوایم جیکب آباد زون کے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی کروائی۔

## ایم کیوایم کے وفد کی حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار پر حاضری

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی گئی اور فاتحہ خوانی کی گئی

لاہور۔۔۔14 جنوری،2012

متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے حضرت علی ھجویری المعروف داتا گنج بخشؒ کے 968 ویں عرس مبارک کے موقع پر مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار شریف پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر پاکستان کی سلامتی، خوشحالی اور عالم اسلام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے خصوصی دعائیں کیں گئیں۔ وفد میں صوبائی تنظیمی کمیٹی ( پنجاب ) کے رکن زاہد قریشی، رکن سینٹرل ایگزیکٹو کونسل اور لاہور زون کے انچارج سید شاہین انور گیلانی، اراکین زونل کمیٹی نیر احمد، سید کاشف خورشید، ملک وسیم، ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان میاں راشد، ندیم اختر بٹ، عقیل احمد انچارج، عزیز بھٹی ٹاؤن، انچارج داتا گنج بخش ٹاؤن محمد زاہد خان، انچارج راوی ٹاؤن ڈاکٹر سعید، انچارج کنٹونمنٹ ٹاؤن رانا ادریس اور دیگر ممبران ٹاؤنز ممبران کے علاوہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن لاہور کے آرگنائزر ساجد سبزواری بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون کے رکن محمد عابد بیگ کے والد رفیق بیگ، ایم کیوایم اسٹیل ٹاؤن یونٹ کے جوائنٹ انچارج عبدالرحمان شیخ کے بڑے بھائی شیخ عبدالغفور، ایم کیوایم فیصل آباد زون کی تحصیل سمندری ٹاؤن کے انچارج رانا گوہر عباس کے والد رانا نور احمد، ایم کیوایم شہداد پور سیکٹر یونٹ جٹیا کے جوائنٹ انچارج نارائن داس کے والد رام چند داس، ایم کیوایم ملتان زون کے کارکن رانا گل شیر علی کے والد رانا عبدالشکور، ایم کیوایم کیماڑی سیکٹر، یوسی 1 کے آفس سیکرٹری شکیل ابراہیم کے

والد ابراہیم بھٹی اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر، یونٹ 75 کے کارکن اشتیاق قریشی کے والد محمد اسحاق قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں اراکین رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے مرحومین کیلئے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی (آمین)

## ڈسٹرکٹ بار ایسو سی ایشن ملتان کے انتخابات میں نومنتخب عہدیداران کو ریاض حسین دھرالہ ایڈووکیٹ کی مبارکباد

ملتان۔۔۔14/جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی ڈسٹرکٹ ملتان کے انچارج ریاض حسین دھرالہ ایڈووکیٹ نے ڈسٹرکٹ بار ایسو سی ایشن ملتان کے سالانہ انتخابات میں حافظ اللہ ڈتہ کاشف یونس کو صدر منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں ریاض حسین دھرالہ ایڈووکیٹ نے ایم کیو ایم لیگل ایڈ کمیٹی ملتان کے تمام اراکین کی جانب سے ڈسٹرکٹ بار ملتان کے نومنتخب صدر سمیت تمام عہدیداران کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ نومنتخب عہدیداران وکلاء کالونی سمیت وکلاء کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کام کریں گے اور بلا امتیاز رنگ ونسل خدمت کو اپنا شعار بنائینگے۔

## الطاف حسین نے ملک بھر غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو ایک پلیٹ فارم مہیا کیا ہے، عظیم دانش

میر پور خاص۔۔۔۔14 جنوری، 2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین جیسی شخصیت صدیوں میں پیدا ہوتی ہے، ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ میر پور خاص زون کے انچارج عظیم دانش نے یونٹ 8/A میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی 63 سالہ تاریخ میں دو فیصد استحصالی ٹولے نے اپنے ذاتی اور سیاسی مفادات حاصل کرنے کے لیے پاکستانی قوم کو تقسیم کرواور حکومت کرو کی پالیسی کے تحت آپس میں کبھی مذہب اور کبھی لسانیت کے نام پر لڑوایا، کبھی کسی سیاسی یا مذہبی لیڈر نے پاکستان کی بکھری ہوئی قوم کو ایک لڑی میں پروانے کی کوشش نہیں کی سوائے عظیم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے، کہ جنہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کی شکل میں بغیر کسی مذہبی، لسانی یا قومیت کی تفریق کیے، ملک کے تمام غریب ومتوسط طبقے کے لوگوں کو تمام تر حقوق دلوانے اور موثر آواز بلند کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی ترقی، خوشحالی اور امن وامان کے لیے جدوجہد کی ہے اور ہمیشہ یہ درس دیا کہ 98 فیصد غریب اور مظلوم عوام چاہے وہ کسی بھی مذہب، قومیت اور لسانیت سے تعلق رکھتے ہوں تمام اختلافات بھلا کر متحدہ ہوجائیں اور 2 فیصد استحصالی طبقہ کے خلاف جدوجہد کریں، کیونکہ اب وقت آگیا ہے کہ پاکستان کو ایک متحد اور منظّم قوم کی ضرورت ہے اور انشاءاللہ وہ دن دور نہیں کہ جب پاکستان کے چپے چپے سے حق پرست عوامی نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے وژن اور فلسفے کو عملی شکل میں پیش کر کے وطن عزیز کو ایشین ٹائیگر بنادیں گے، اس موقع پر جوائنٹ زونل انچارج محمد عارف، محمد خالد مجید اور اراکین زونل کمیٹی نے بھی مختلف یونٹس میں کارکنان سے خطاب کیا

## متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون اور ملتان ڈسٹرکٹ کی تنظیم نو کا اعلان

ملتان۔۔۔۔14 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون اور ملتان ڈسٹرکٹ کی تنظیم نو کا اعلان کر دیا گیا ہے، رائے خالد محمود ملتان زون کے انچارج، رانا ابوبکر، ڈاکٹر اکرم علی، عمران اعظم گاڈی، فرخندہ کاظمی جوائنٹ انچارجز جبکہ ممبران میں راشد ہاشمی، ندیم مرزا، زبیر کلیم، علی عمران سہروردی، نعیم ارشد شمس، میاں ادریس، سید محمد قاسم رضوی، ملک مستنصر سہیل، محمد جاوید حیدر اور قیصر عباس کھیڑا شامل ہیں، اسی طرح سید زاہد بخاری ملتان ڈسٹرکٹ کے انچارج، ملک یاسر سہیل، ذوالقرنین بھٹہ، مجاہد حسین بلوچ، سید وصی حیدر نقوی ملک ریاض دھرالہ ایڈوکیٹ جوائنٹ انچارجز جبکہ ممبرا میں ندیم حسین رضوی، شیخ عمران علی، شعیب قریشی، رانا عبدالقدیر، رمیض علی، قاضی شہزاد خان، راجہ یامین کھدر پوش، شیخ محمد اکرم، زیشان مسعود، علی عارف قریشی اور ملک مشاہد شامل ہیں، جبکہ راؤ محمد خالد، سہیل بٹ، شاہد زیدی اور مہر عارف کو متحدہ سوشل فورم کا ممبر مقرر کیا ہے، متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین سید شیراز اور سید ندیم رازی نے جنرل ورکرز کنونشن میں تنظیم نو کا اعلان کیا، سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن سید شمشاد جعفرہ بھی موجود تھے، اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے اراکین صوبائی تنظیمی کمیٹی نے نئے زمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ قائد تحریک کا پیغام گلی گلی محلّہ محلّہ پنچانے کے لئے دن رات محنت کریں، انہوں نے کہا کہ تنظیم سازی کے عمل کو تیز کیا جائے، عوام سے

رابطے بڑھائے جائیں اور جگہ جگہ دفاتر قائم کئے جائیں،عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدو جہد سے آگاہ کیا جائے ،فوری طور پر کارکنان اور ذمہ داران کے اجلاس اور تربیتی نشستوں کے سلسلے شروع کیا جائیں۔اجلاس کے آخر میں ڈسٹرکٹ مظفر گڑھ کے انچارج جاوید اختر آرائیں کی بھائی،تحصیل ممبر مظفر گڑھ رضوان بھائی کے بیٹے اور تحصیل کوٹ ادو کے ممبر رانا گل شیر کے والد کی وفات پر دعائے مغفرت کی گئی۔

## آج ملک بھر میں انقلاب کی صدائے بلند ہوکر رہی ہیں،سہیل یوسف رکن سندھ اسمبلی

## سکھر جلسہ عام کے حوالے سے عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں سیکٹر جی کے زیر اہتمام بزرگوں کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔14 جنوری 2011ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شب وروز جدو جہد کی بدولت آج ملک بھر میں انقلاب کی صدائے بلند ہورہی ہیں۔ان خیالات کا اظہار رکن زونل کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد وحق پرست ایم پی اے سہیل یوسف نے سکھر جلسہ عام کے حوالے سے عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں سیکٹر جی کے زیر اہتمام بزرگوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس رکن زونل کمیٹی توحید احمد،سیکٹر جی کے ذمہ داران وکارکنان اور علاقے کے بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ انقلاب ہی اس ملک کے تمام مسائل کا حل ہے اور اس ملک کی ترقی کا ضامن ہے۔انہوں نے کہا کہ سکھر کا جلسہ عام اس ملک میں انقلاب کی نوید ثابت ہوگا اور اس ملک میں انقلاب برپاہ کرنے والی شخصیت صرف اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اس ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو اسمبلیوں میں بھیج کر انقلاب کا آغاز کردیا ہیں جو اس ملک کے اعلی ایوانوں کے دروازوں پر انقلاب کی دستک دے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی لازول قیادت نے اس ملک کی مظلوم ومحکوم عوام کو ایک پرچم تلے متحد کردیا ہے اور تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی جوق در جوق ایم کیو ایم میں شمولیت اس کا منہ بولتا ثبوت ہیں اور سکھر کا جلسہ عام تمام قومیتوں کے اتحاد کا ایک عملی مظاہرہ ہوگا۔

## کھیلوں کا انعقاد معاشرے میں مثبت رویوں کو جنم دیتا ہے،حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان

## سلالہ چیک پوسٹ شہداء فٹ بال ٹورنامنٹ کی تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔14 جنوری 2012ء

سلالہ چیک پوسٹ پر وطن عزیز کی حفاظت میں جام شہادت حاصل کرنے والوں جوانوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے اس شاندار فٹ بال ٹورنامنٹ کے انعقاد پر ڈان فٹ بال ایسوسی ایشن کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ان خیالات اظہار حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان نے باغ مصطفیٰ گروانڈ لطیف آباد میں ڈان فٹ بال ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقد ہونے والے سلالہ چیک پوسٹ شہداء فٹ بال ٹورنامنٹ کی تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں رکن زونل کمیٹی ظفر احمد صدیقی،سیکٹر ایچ کے ذمہ داران،فٹ بال ایسوسی ایشن کے عہدارارن اور علاقے کے معززین وعوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے فروغ کیلئے اپنے کردار ادا کرنے والے افراد قابل ستائش ہیں کیونکہ کھیلوں کا انعقاد معاشرے میں،مثبت رویوں کو جنم دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ ایسی مثبت سرگرمیوں کے انعقاد کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی اور آگے بھی کرتے رہی گی۔بعدازیں انہوں نے کامیاب ہونے والی ٹیم میں انعامات بھی تقسیم کئے۔

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹرسی کے ذمہ داران کی جانب سے تحریک کے شہداؤں کی قبروں پر حاضری دی

حیدرآباد۔۔۔14 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹرسی کے ذمہ داران کی جانب سے تحریک کے شہداؤں کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر انکے ہمراہ اراکین زونل کمیٹی مبین احمد،راشد ممتاز بھی موجود تھے۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی اور بھتیجے سمیت تحریک کے تمام شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعاؤں کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کی مظلوم عوام کو ان کے حقوق دلانے کے لئے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے، سید محمد علی شاہ

ٹنڈوالہ یار:14 جنوری 2012

متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کی مظلوم عوام کو ان کے حقوق دلانے کے لئے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے۔ان خیالات کا اظہار زونل انچارج ایم کیو ایم سید محمد علی شاہ نے یونٹ A-1 میں منعقدہ عوامی اجتماع کے شرکاء سے گفتگو کے دوران کیا۔اس موقع پر انکے ہمراہ اراکین زونل کمیٹی ثاقب احمد خانزادہ، امجد حسین جا گیرانی اور ارسلان خانزادہ بھی موجود تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو درپیش مختلف النوع مسائل میں سے ایک بڑا مسئلہ اختیارات اور وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم بھی ہے۔جس کے نتیجے میں شخصی آمریت کو فروغ حاصل ہوا۔متحدہ قومی موومنٹ فرد واحد کے ہاتھوں میں اختیارات کے ارتکاز کے بجائے قوم کے ایک ایک فرد کو طاقتور بنانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام بیس جنوری کو سکھر کے تاریخی شہر میں جلسہء عام کا انعقاد سندھ کی مظلوم عوام میں احساس خودمختاری کو اجاگر کرنے کا باعث ہوگا۔سندھ بھر کی عوام سکھر جلسے میں بھرپور طریقے سے شرکت کر کے پاکستان کے مستقبل کو روشن تر بنانے کی جدوجہد کا آغاز کریں گے۔

## محمد طاہر کھوکھر کا دورہ زونل آفس کارکنان وزمہ داران سے ملاقات

مظفرآباد۔۔۔۔۔۔13 جنوری 2011ء

ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر کا دورہ زونل آفس کارکنان وزمہ داران سے ملاقات۔تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر کا ایم کیو ایم کے مرکزی زونل آفس کا دورہ کیا جس میں ایم کیو ایم کے زمہ داران وکارکنان سے ملاقات کی اس موقع پر کارکنوں اور دور دراز سے آئے ہوئے عوامی وفود سے ملاقات کی اور اپنے مسائل سے آگاہ کیا جس پر ایم کیو ایم کے حق پرست وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر نے کہا کے ہم ترجیحی بنیادوں پر عوامی مسائل حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔اس موقع پر زونل کمیٹی راجہ صباء، عبدالقیوم، مصطفی ملک، عزت علی، چوہدری یعقوب، راجہ افتیاز، ندیم کھوکھر، سہیل سعید، راجہ آصف ودیگر موجود تھے۔

## آزاد کشمیر کے اندر چلنے والی گاڑیوں کے مالکان غریب عوام پر سفری اخراجات کم کرنے پر تعاون کریں، طاہر کھوکھر

مظفرآباد۔۔۔۔۔۔13 جنوری 2011ء

آزاد کشمیر کے حق پرست وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام کو ٹرانسپورٹ کے سلسلے میں جن دشواریوں کا سامنا ہے حکومت کو بخوبی احساس ہے، ہم بہت جلد نئی ٹرانسپورٹ پالیسی بنا کر ان دشواریوں سے چھٹکارا دلوائیں گے، موجودہ حکومت عوام کے مسائل بخوبی آگاہ ہے دستیاب وسائل کو بروئے کار لا کر آزاد خطے کے عوام کو محفوظ سفری سولیات کی فراہمی کی لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، آزاد کشمیر کے اندر چلنے والی گاڑیوں کے مالکان غریب عوام پر سفری اخراجات کم کرنے پر تعاون کریں، اور وزارت ٹرانسپورٹ اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی طرف سے جاری کی گئی ہدایات پر عمل کریں تا کہ عوام کو سہولیات میسر آسکیں، جن روٹ پر مکمل طور پر ڈرائیور عمل نہیں کرتے ان کے خلاف موثر کاروائی کے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، تا کہ لوگوں کے سفر کو آسان بنائی جا سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ میر پور سے برمنگھم بس سروس اجرا کے لیے متعلقہ محکموں سے بات چیت جاری ہے اور اس روٹ پر جلد جدید سہولتوں سے آراستہ بس سروس کا آغاز کر دیا جائے گا، عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

## وزیر ٹرانسپورٹ نے وادی نیلم کے عوام کے دل جیت لیے ہیں، الحاج پیرزادہ عبدالرشید

مظفرآباد۔۔۔۔۔۔13 جنوری 2011ء

آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کے رکن الحاج پیرزادہ عبدالرشید نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر نے وادی نیلم کے غریب عوام کو کرایوں کی مد ریلیف دے کر انتہائی جرت مندانہ کام کیا ہے جس پر ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں وادی نیلم کے غریب عوام کو چند ٹرانسپورٹر نے لوٹنے کا سلسلہ گرم کر رکھا تھا مگر وزیر ٹرانسپورٹ نے ان زیادتیوں کا نوٹس لیکر مظفرآباد سے آٹھ مقام کرایوں میں کمی کر کے ٹرانسپورٹر کی لوٹ مار سے بچانے کے لیے جو اقدامات کیے ہیں وادی نیلم کی عوام انہیں بھرپور مبارک باد پیش کرتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مظفرآباد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے نے کہا ہے وزیر ٹرانسپورٹ نے وادی نیلم کے عوام

کے دل جیت لیے ہیں، آزاد کشمیر کے غریب عوام وزیر ٹرانسپورٹ کے ساتھ ہیں کیوں کہ انہوں نے وزارت کا قلمدان سنبھالتے ہی لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھانا شروع کر دیے تھے اور آزاد کشمیر کے عوام کو سستا آرام دہ اور محفوظ سفر کی سہولیات کرنے کے لیے جہد وجہد جاری رکھیں۔

## شہر کی سڑکوں پر کی گئی کھدائی کی وجہ سے تمام سڑکیں تباہ ہو چکی ہیں، سلیم بٹ

مظفر آباد۔۔۔۔۔۔13 جنوری 2011ء

ایم کیو ایم کے حق پرست رکن اسمبلی سلیم بٹ نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اجلاس کے دوران توجہ دلاؤ نوٹس پر بولتے ہوئے کہا کہ میر پور میں منگلا ڈیم اپ ریزنگ پیکج کے سلسلے میں دو سال قبل شہر میں آب رسانی، نکاسی آب کا منصوبہ شروع کیا گیا تھا وہ ابھی تک نامکمل پڑا ہے، شہر کی سڑکوں پر کی گئی کھدائی کی وجہ سے تمام سڑکیں تباہ ہو چکی ہیں اور شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے جس پر وزیر ہاؤسنگ وفزیکل پلاننگ پرویز اشرف نے یقین دہانی کروائی کہ وفاقی حکومت کی طرف سے فنڈز ملتے ہی، منصوبے پر دوبارہ کام شروع کر دیا جائے گا اور سڑکوں کی مرمت کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے گا دریں اثنا نقطہ اعتراض پر بولتے ہوئے حق پرست رکن اسمبلی سلیم بٹ نے کہا کہ محکمہ صحت کی جانب سے دل اور گردہ کے مریضوں کو علاج و معالجہ کے لیے رقم تو فراہم کی جا رہی ہے مگر اپریشن کے بعد ادویات کے اخراجات ادا نہیں کیے جا رہے جسکی کی وجہ غریب مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے وزیر صحت سردار قمر الزمان نے یقین دہانی کروائی کے اس سلسلے میں حکومت ہر ممکن اقدامات کرے گئی اور مریضوں کو بعد از اپریشن ادویات کے اخراجات بھی فراہم کیے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆